قبضے میں آ کر سارے بے گناہ لوگ پولیس کی ماریں کھا کھا کر چار و ناچار اپنا وقت گزارتے ہیں ۔ آپ بھی خدا سے دعا اور فریاد کرتے ہوئے وقت گزاریں ۔ اور اپنے لیے بھی اور شوہر کے لیے فلاح و سعادت اور ہدایت اللہ تعالیٰ سے مانگیں ۔

رشتہ دار یا آنے جانے والی خواتین سے مردوں کا کوئی کام نہیں ۔ شریعت نے صرف اس حد تک غیر محرم اقربا کے بارے میں رعایت نکل سکتی ہے کہ مرد اگر ان کے کمرے کی طرف جائیں تو نگاہیں نیچی کر کے دو منٹ میں سلام و خیریت کی بات کر کے الگ ہو جائیں ۔ عورتیں بھی رشتہ دار مردوں کے سامنے جسم کو چھپا کر جھکی نظروں کے ساتھ سادہ لہجے میں کوئی خیر خبر دریافت کر لیں یا اُن کے سامنے چائے وغیرہ رکھ دیں ۔ جھوٹے تو بچوں سے زیادہ کام لیا جاتے ۔ اس سے بڑھ کر جو رسمیں ہیں ۔ سے بار بچ میں وہ شرعی احکام کو نہ جاننے کی وجہ سے ہیں ۔ ہنسی مذاق کرنا اور بیٹھ کر لمبی چوڑی بے تکلفی کی باتیں کرنا درست نہیں ہے ۔ بعض علاقوں میں نہایت غلط روایات قائم ہیں اُن کو آہستہ آہستہ سمجھنے کی ضرورت ہے ۔

تحریکی یا اسلامی لٹریچر سے وعظ و تقریر کے لیے باتیں چھانٹنا اور اپنی زندگی میں جاری ساری کرنے کے لیے احکام و آداب کی طرف متوجہ نہ ہونا ایک مذاق ہے ۔ یہ ڈرامائی عمل ہے ، اور بہت سے لوگ ایسے ہی ڈرامائی عمل سے زندگی گزار دیتے ہیں ۔ ایسے جو لوگ جماعت کے اندر ہیں ، وہ درحقیقت تحریک کی کمزوری کا باعث ہیں ۔ یہ کام تو مخلص لوگوں کے کرنے کا ہے ۔

(نعیم صدیقی)

احتیاط

ترجمان القرآن میں ضرورت استدلال کے لیے آیات و احادیث شائع ہوتی رہتی ہیں ۔ قارئین سے گزارش ہے کہ جن اوراق پر آیات و احادیث ہوں ۔ ان کا خاص احترام ملحوظ رکھیں تاکہ بے ادبی نہ ہونے پائے ۔ (ادارہ)